فتاویٰ حامدیہ

تصنیف:

حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں

قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ

جمع و ترتیب

مولانا محمد عبدالرحیم نشتر فاروقی

مرکزی دارالافتاء، بریلی شریف

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاسْئَلُوْٓا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں

فتاویٰ حامدیہ

تصنیف

حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ

جمع وترتیب

مولانا محمد عبدالرحیم نشتر فاروقی مرکزی دارالافتاء بریلی شریف

ناشر

شبیر برادرز ۴۰- اردو بازار لاہور

marfat.com

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب :- فتاویٰ حامدیہ

نام مصنف :- حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ

نام مرتب :- مولانا محمد عبد الرحیم نشتر فاروقی مرکزی دارالافتاء بریلی شریف

ناشر :- شبیر برادرز۔ ۴۰ بی، اردو بازار، لاہور

تقسیم کار

حسب فرمائش :- شہزادہ تاج الشریعہ حضرت مولانا محمد عسجد رضا خاں قادری، بریلوی

پروف ریڈرس :- مولانا احتشام الدین، مولانا یونس رضا، مولانا جمیل اختر، مولانا محمد احسن رضوی
حافظ محمد ضیاء الحق قادری، حافظ محمد شاہد رضا

صفحات :- ۴۵۶/456 چار سو چھپن صفحات

تعداد :- ایک ہزار

سن اشاعت :- ۲۰۰۴ء

ہدیہ :- 200 روپے

marfat.com

فتاویٰ حامدیہ

کتاب

الحظر والاباحۃ

marfat.com

میرے اوپر جو افترا ٔات واتہامات اٹھائے جارہے ہیں ان کی نسبت صرف اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ "اِلَی اللّٰہِ الْمُشْتَکٰی" یعنی اللہ ہی کی طرف شکوہ ہے مفتریوں کو یہ وعید قرآنی کافی ہے کہ:

اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ یعنی جھوٹ بہتان وہی باندھتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے۔ (کنز الایمان)

میرے احباب کو ضرور ان افترا ٔات سے روحانی صدمہ وقلبی اذیت پہنچی ہوگی اور قران عظیم ارشاد فرماتا ہے:

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُھْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا یعنی اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بے کئے ستاتے ہیں انھوں نے بہتان اور کھلا گناہ اپنے سر لیا۔ (کنز الایمان)

ان باتوں سے جو آپ نے مجھ کو لکھیں مجھے سخت اذیت اور روحی صدمہ پہنچا۔ حدیث میں ہے:

"من اذی مسلما فقد اذانی" یعنی جس نے کسی مسلمان کو اذیت دی بے شک اس نے مجھے اذیت دی۔ (فاروقی)

marfat.com

میں خوب سمجھتا ہوں کے یہ مراسلہ آپ کا مراسلہ نہیں ع

کب سلیقہ ہے فلک کو یہ ستمگاری میں ☆ اور ہی کوئی ہے اس پردۂ زنگاری میں

خیر وہ کوئی بھی ہو اسے ایک یہ حدیث پہنچا دیجئے:

"ملعون من ضار مومنا او مکر جو مسلمان کو مضرت پہنچائے یا اس کے ساتھ مکاری کرے تاجدار دو عالم ﷺ کی بارگاہ سے وہ ملعون ہے رواہ الترمذی عن ابی بکر الصدیق (رضی الله تعالی عنه) وقال هذا حديث غريب"

دوسری حدیث میں ہے:

"من ضار مومنا ضار الله به و من شاق شاق الله علیه یعنی جس نے مسلمان کو مضرت پہنچائی یا پھوٹ ڈالی وہ ملعون ہے اللہ اسے مضرت دے گا"

قرآن عظیم نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا یعنی بے شک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ ان کے لئے ذلت

marfat.com

کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ (کنزالایمان)

عزیزم! حضور تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم کا ارشاد سنا کہ جس نے کسی مسلمان کو ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا پہنچائی اس نے اللہ عزوجل کو ایذا پہنچائی ارشاد قرآنی سنا کہ جو لوگ ایمان والے مردوں، عورتوں کو اذیت دیتے ہیں وہ لوگ اللہ عزوجل کو ایذا دیتے ہیں انہوں نے اپنے سر لیا کھلا بہتان اور اس ارشاد ربانی میں صاف صاف ارشاد ہوا کہ:

"اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَہُمْ عَذَابًا مُّہِیْنًا" یعنی بے شک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ ان کے لئے ذلت کا عذاب یار کر رکھا ہے۔ (کنزالایمان)

یہ سارے کرتوت اہلسنت میں پھوٹ ڈالنے اور امام اہلسنت حضور پر نور اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز کے قلب انور کو ان کے مزار اطہر میں اذیت پہنچانے والے ہیں وہ یقیناً اللہ کے سچے محبوب عاشق رسول سچے نائب غوث الوریٰ جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وعلی ابنہ الکریم وبارک وسلم تھے اور بحمدہ تعالیٰ انھوں نے مجھے اپنا سچا جانشین کیا اور میں نے مولانا عبدالباری لکھنوی کے ساتھ انھیں کی روش برتی جبکہ وہ لکھنؤ کے ریلوے

marfat.com